# MEMORIAL HERMANN SURGICAL HOSPITAL FIRST COLONY

پالیسی

| | |
|---|---|
| پالیسی کا عنوان: | مالیاتی اعانت کی پالیسی |
| تاریخِ طباعت: | 2019/11/02 |
| ورژن: | 3 |

---

پالیسی کا مقصد:

اس مالیاتی اعانت کی پالیسی (FAP) کا مقصد ان لوگوں کی شناخت اور مالیاتی اعانت کی فراہمی کا ایک منظم طریقہ کا آغاز کرنا ہے جن کی خدمت Memorial Hermann Surgical Hospital First Colony ("MHSHFC") اپنی کمیونٹی کے اندر کرتی ہے۔

MHSHFC، Memorial Hermann Health System (MHHS) کا ایک ملحق ادارہ ہے، جو MHHS کے مستثنی مقصد کو آگے بڑھانے کے لیے کام کرتا ہے۔ MHHS انٹرنل ریوینیو کوڈ § 501(c)(3) ریاست کی طرف سے لائسنس یافتہ ہاسپٹلز چلاتا ہے جو ہیرس، مونٹگومیری، فورٹ بینڈ (Harris, Montgomery, Fort Bend) اور آس پاس کے کاؤنٹیز کی طبی نگہداشت کی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ MHSHFC، غیر بیمہ شدہ اور کم بیمہ شدہ افراد کو، مریض کی ادائیگی کی صلاحیت سے قطع نظر، جنہیں ہنگامی یا طبی طور پر ضروری خدمات کی ضرورت ہو انہیں مالیاتی اعانت کی صورت میں کمیونٹی کے منافع بغیر امتیاز کے، فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

دائرۂ عمل:

FAP یہ، Memorial Hermann Surgical Hospital First Colony، ریاست کی طرف سے لائسنس یافتہ ایک ہاسپٹل فیسیلیٹی، پر لاگو ہوتا ہے جو MHHS کے مستثنی مقصد کو آگے بڑھانے کے لیے کام کرتی ہے۔

پالیسی کا بیان:

1. MHSHFC کے ہمدردی اور نگہبانی کے اقدار کے مطابق، یہ MHSHFC کی پالیسی ہے کہ ضرورتمند مریضوں کو مالیاتی اعانت فراہم کی جائے۔ مزید برآں، اس FAP کا مقصد ایک ایسا لائحہ عمل فراہم کرنا ہے جس کے تحت MHSHFC کے ذریعہ فراہم کردہ ہنگامی یا طبی طور پر ضروری نگہداشت کے لیے مریضوں کو مالیاتی اعانت کی منظوری دی جائے گی۔

2. یہ FAP اس خصوصی معیار اور درخواست دہی کی کارروائی کے بارے میں بتاتا ہے جس کے تحت MHSHFC ان افراد کو مالیاتی اعانت فراہم کرے گا جو فراہم کردہ خدمات کے لیے پوری طرح ادائیگی کرنے سے قاصر ہیں۔

3. اس FAP کا اطلاق ان سبھی ہنگامی یا طبی طور پر ضروری نگہداشت کے لیے ہوتا ہے جو کسی MHSHFC کے ذریعہ فراہم کی گئی ہے۔ یہ FAP اسپتال سے باہر کے طبی خدمات کے فراہم کنندگان کے لیے واجب التعمیل نہیں ہیں اور اس کا اطلاق معالجین کی خدمات پر نہیں ہوتا ہے۔ آپ ہماری درج ذیل ویب سائٹ پر اسپتال کی فسیلیٹی میں ہنگامی یا دیگر طبی طور پر ضروری نگہداشت فراہم کنندگان کی ایک فہرست حاصل کرسکتے ہیں جن کی خدمات کا احاطہ اس FAP کے حصے کے طور پر کیا گیا ہے، اور ان فراہم کنندگان کی فہرست بھی

حاصل کر سکتے ہیں جن کی خدمات کا احاطہ اس FAP کے حصے کے طور پر نہیں کیا گیا ہے:http://memorialhermannfirstcolony.com/financial-.assistance-program/ درخواست کرنے پر ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ اور اسپتال کے رجسٹریشن والے حصوں میں مفت کاغذی نقلیں بھی دستیاب ہیں۔ مفت کاغذی نقلیں بذریعہ ڈاک یا 4012-312 (281) یا 4000-312-281، آپشن 5 پر کال کر کے بھی دستیاب ہیں۔

4. FAP، مالیاتی اعانت سے متعلق رعایتی رقم، اگر کوئی ہو، کا حساب لگانے کے لیے MHSHFC کے ذریعہ استعمال کردہ معیار، MHSHFC کے ذریعہ خدمت فراہم کی جانے والی کمیونٹی کے اندر اس FAP کی وسیع پیمانے پر تشہیر کرنے کے لیے MHSHFC کے ذریعہ لیے جانے والے اقدامات، مالیاتی اعانت کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے MHSHFC کے ذریعہ استعمال کردہ طریق کار، اور مالیاتی اعانت کی درخواست کی کارروائی کی وضاحت کرتا ہے۔ عدم ادائیگی کی صورت میں MHSHFC جو کارروائیاں کرسکتی ہے اس کا بیان ایک علیحدہ پالیسی، MHSHFC کی بلنگ اور وصولی کی پالیسی میں موجود ہے۔ اس پالیسی کو MHSHFC کی اس ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:http://memorialhermannfirstcolony.com/financial-assistance-program، یا اس کی مفت کاغذی نقل ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ اور اسپتال کے رجسٹریشن والے حصوں میں دستیاب ہے۔ مفت کاغذی نقلیں بذریعہ ڈاک یا 4012-312 (281) یا 4000-312-281، آپشن 5 پر کال کر کے بھی دستیاب ہیں۔

5. مالیاتی اعانت کا اہل ہونے کے لیے ضروری ہے کہ مریض ایک مالیاتی اعانت کی درخواست مکمل کر کے کسی مطلوبہ تائیدی دستاویزات کے ساتھ جمع کرے۔ مالیاتی اعانت کی درخواستیں اس خدمت کے لیے پہلی بلنگ اسٹیٹمنٹ بھیجے جانے کی تاریخ کے بعد سے زیادہ سے زیادہ 240 دنوں کے اندر جمع کروانی ہے جس کے لیے آپ مالیاتی اعانت کی درخواست کررہے ہیں۔ استثناء کی منظوری دی جا سکتی ہے جیسا کہ ضابطہ سیکشن 9 میں بیان کیا گیا ہے۔ اس FAP میں کوئی بھی ایسی چیز نہیں ہے جو ان وفاقی، ریاستی یا مقامی قوانین یا ضابطوں پر سبقت رکھتی ہو جو فی الحال آج نافذالعمل ہیں یا مستقبل میں نافذالعمل رہیں گے۔

6. مریض کے ذریعہ ادا کی گئی کوئی رقم جو مالیاتی اعانت سے متعلق قابل اطلاق رعایت دینے کے بعد اضافی ہو اسے نگہداشت کے ہر اہل معاملے کے لیے واپس کر دیا جائے گا۔

7. اس بات کے تعین کا حتمی اختیار کہ آیا MHSHFC نے FAP کی اہلیت کے تعین کے لیے معقول کوششیں کی ہیں، MHSHFC کے پیشنٹ بزنس آفس کے پاس ہے۔ اس FAP کا مقصد MHSHFC کمیونٹی کو اس کی ہمدردی اور نگہبانی کے اقدار کے مطابق فائدہ پہنچانا ہے۔ اس FAP کی موجودگی کسی مخصوص مریض کو مالیاتی اعانت کی پیشکش کرنا نہیں ہے اور یہ کوئی غیر معاہدہ جاتی حقوق یا ذمہ داری تخلیق نہیں کرتی۔ آئندہ MHSHFC کے ذریعہ اس FAP کی تجدید کی جا سکتی ہے اور اسے اس کی صوابدید کی بنیاد پر بورڈ آف ڈائریکٹرز یا اس کے نامزد فرد کے ذریعہ منظوری دی جا سکتی ہے۔

8. یہاں بیان کردہ پالیسیاں اور ضابطے ٹیکسس ریاست کے ضوابط اور I.R.C § 501(r) اور متعلقہ رہنمائی کی تعمیل کے لیے ہیں۔

<u>اصطلاحات اور تعریفات:</u>

1. درخواست: اس کا مطلب ہے کہ مالیاتی اعانت کی درخواست مریض کے ذریعہ مکمل کی جائے۔

2. درخواست کا عرصہ: درخواست کی مدت کے دوران، MHSHFC مالیاتی اعانت کی درخواست قبول اور اس پر کارروائی کرے گا۔ درخواست کی مدت اس تاریخ سے شروع ہوتی ہے جب کسی فرد کو نگہداشت فراہم کی جاتی ہے اور اس کا اختتام نگہداشت کے لیے پہلے بلنگ اسٹیٹمنٹ کے 240 ویں دن پر ہوتا ہے۔

3. عام طور پر بل کردہ رقم (*AGB*): جو مریض مالیاتی اعانت کے لیے اہل ہیں ان سے ہنگامی یا طبی طور پر ضروری نگہداشت کے لیے بیمہ والے مریضوں کو، عام طور پر بل کردہ رقم (AGB)، سے زیادہ چارج نہیں کیا جائے گا۔

   a. MHSHFC کے AGB فیصد کا حساب کتاب "لُک بیک" (ماضی پر غور) والے طریقے کا استعمال کر کے کیا جاتا ہے، جو کہ سروس کی ادائیگی کے لیے میڈیکیئر کی اجازت یافتہ سروس فیس ہوتی ہے اور اسے پچھلے 12 مہینوں کی مدت والے ان دعووں سے متعلق کل مجموعی چارجز کے ذریعہ تقسیم کیا جاتا ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے مریضوں سے AGB سے زیادہ وصول نہ کیا جائے، مالیاتی اعانت کے لیے اہل مریضوں کو فراہم کردہ رعایت کا جائزہ AGB فیصد کی حدود کے مطابق لیا جائے گا۔

   b. AGB کے فیصد شہادتی اشیاء A – جو کہ عمومی طور پر FAP کے بل کے حساب کے برابر ہوتے ہیں میں مل سکتے ہیں ۔

   c. نظر ثانی شدہ AGB فیصد کا حساب سالانہ طور پر لگایا جائے گا اور اس کا اطلاق کیلنڈر سال کے شروع ہونے کے 120 ویں دن کے بعد سے کیا جائے گا۔

4. خاندان کی سالانہ مجموعی آمدنی: چائلڈ سپورٹ کو کی جانے والی ادائیگی کو گھٹا کر، ٹیکسوں سے قبل تمام ذرائع سے ہونے والے نقدی فائدے اور خاندان کی سالانہ آمدنی کا مجموعہ رقم جو یونائیٹڈ اسٹیٹس انٹرنل ریونیو سروس کو قابل ذکر ہو ۔ خاندانی آمدنی میں درج ذیل شامل ہیں، لیکن یہ انہیں تک محدود نہیں ہے، آمدنی، بے روزگاری کا معاوضہ،
   کارکنان کا معاوضہ، سوشل سیکیورٹی، سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم، عوامی امداد، سابق فوجیوں کی ادائیگیاں، پسماندگان کے منافع، پنشن یا ریٹائرمنٹ کی آمدنی، سود، منافع کا حصہ، گزارہ خرچ، چائلڈ سپورٹ، اور دیگر ذرائع۔

5. اختیاری خدمات: ایسی کیفیت کے علاج کے لیے خدمات جس کے لیے فوری توجہ کی ضرورت نہ ہو۔ اختیاری خدمات میں ایسی کارروائیاں شامل ہیں جو مریض کے لیے فائدہ مند ہوں، لیکن فوری نہ ہوں اور اس میں طبی طور پر ضروری خدمات اور غیر طبی طور پر ضروری خدمات شامل ہیں، جیسے کہ کاسمیٹک اور دانتوں کی سرجری جو بنیادی طور پر حلیہ کو بہتر بنانے کے لیے انجام دی گئی ہوں یا دیگر اختیاری کارروائیاں جن کا احاطہ خاص طور پر صحت کے بیمہ کے منصوبوں کے ذریعہ نہ کیا گیا ہو۔ ایسی اختیاری خدمات کو مالیاتی اعانت کے لیے ضروری تصور نہیں کیا جائے گا جو کہ طبی طور پر ضروری نہ ہوں۔

6. ایمرجنسی خدمات: کسی مریض کو کافی شدت والی فوری علامات (بشمول شدید درد) سے متعلق طبی کیفیت کے لیے فراہم کردہ خدمات، جو اس طرح کی ہو کہ فوری طبی توجہ نہ ملنے کے نتیجے میں فرد (یا حاملہ خاتون، خاتون یا اس کے نازائیدہ بچے کے سلسلے میں) کی صحت کو سنگین خطرہ ہو، یا جسمانی اعمال میں شدید نقص، یا جسمانی اعضاء یا حصے میں سنگین فعلی فتور پیدا ہونے کا خطرہ ہو۔

7. وصولی کی غیر معمولی کارروائیاں (*ECAs*): یہ وصولی کی ایسی کارروائیاں ہیں جس کے لیے قانونی یا عدالتی کارروائی کی ضرورت ہوتی ہے، اور اس میں دیگر سرگرمیاں جیسے کہ دوسرے فریق کو قرض کی فروخت یا کریڈٹ ایجنسیوں یا بیوروز کو منفی رپورٹ دینا بھی شامل ہو سکتا ہے۔ MHSHFC نہ تو ECAs میں خود شامل ہوتی ہے، نہ ہی یہ اپنے وصول کنندگان کو ECAs میں شامل ہونے کی اجازت دیتی ہے۔ MHSHFC کی وصولی کی پالیسیوں کے بارے میں مزید معلومات MHSHFC کے علیحدہ MHSHFC بلنگ اور وصولی کی

پالیسی میں دیکھی جا سکتی ہے؛ اس پالیسی کی مفت نقلیں اس پر آن لائن دستیاب ہے:http://memorialhermannfirstcolony.com/financial-assistance-program/ یا مفت کاغذی نقلیں ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ اور اسپتال کے رجسٹریشن والے حصوں میں درخواست کرنے پر یا (281) 312-4012 یا 281-312-4000، آپشن 5 پر کال کر کے بھی دستیاب ہیں۔

8. خاندان: مریض، مریض کا شریک حیات/سول یونین پارٹنر، مریض کے والدین یا سرپرست (کمسن مریض کے معاملے میں)، اور مریض یا والدین کے انکم ٹیکس ریٹرن میں مذکور کوئی منحصرین، اور مریض یا اس کے والدین یا سرپرست کے گھرانے میں رہنے والے افراد۔

9. وفاقی سطح غربت ("*FPL*"): آمدنی کی وہ سطح جس پر کسی فرد کو غربت کے پیمانے پر تصور کیا جاتا ہے۔ آمدنی کی اس سطح میں خاندانی اکائی کی جسامت کے لحاظ سے فرق ہوتا ہے۔ یونائیٹڈ اسٹیٹس ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز کے ذریعہ ہر سال سطح غربت کی تازہ کاری کی جاتی ہے اور اسے فیڈرل رجسٹر میں شائع کیا جاتا ہے۔ اس FAP کے مقاصد کے لیے، ان شائع شدہ رہنما خطوط میں مذکور سطح غربت مجموعی آمدنی کو دکھاتے ہیں۔ اس FAP کے مقاصد کے لیے استعمال کردہ FPL کی تجدید سالانہ طور پر کی جائے گی۔ تازہ FPLs کو FAP کے شہادتی اشیاء B - غربت کے وفاقی رہنما خطوط میں دیکھا جا سکتا ہے۔

10. مالیاتی اعانت: مالیاتی اعانت کا مطلب ہے MHSHFC کے ذریعہ ایسے مریضوں کو پیش کردہ اعانت جو FAP میں بیان کردہ ان بعض مالیاتی یا دیگر اہلیتی معیارات کی تکمیل کرتے ہوں جو انہیں MHSHFC کے ذریعہ اسپتال کی سیٹنگ میں فراہم کردہ طبی طور پر ضروری یا ہنگامی نگہداشت صحت کی خدمات کی ادائیگی کے لیے مالیاتی وسائل حاصل کرنے میں مدد کے لیے ضروری ہیں۔ اہل مریضوں میں غیر بیمہ شدہ مریض، کم آمدنی والے مریض، اور ایسے مریض شامل ہیں جنہیں جزوی کوریج حاصل ہے لیکن جو اپنے طبی بلوں کے بعض یا سبھی بقایاجات کی ادائیگی سے قاصر ہیں۔

11. طبی طور پر ضروری خدمات: ایسی خدمات یا سپلائیز جو تشخیص، راست نگہداشت اور کسی طبی کیفیت کے علاج کے لیے فراہم کی جاتی ہوں، مقامی علاقے کے بہتر طبی پریکٹس کے معیار کی تکمیل کرتی ہوں، میڈیکیئر اور میڈیکیڈ پروگراموں کے ذریعہ احاطہ یافتہ ہوں اور طبی طور پر ضروری خیال کی جاتی ہوں، اور بنیادی طور پر صرف مریض یا معالج کی سہولت کے لیے نہ ہوں۔ طبی طور پر ضروری خدمات میں کاسمیٹک سرجری یا غیر طبی خدمات، جیسے کہ سماجی، تعلیمی یا حرفتی خدمات شامل نہیں ہیں۔

12. آسان زبان میں خلاصہ ("*PLS*"): MHSHFC کے FAP کے آسان زبان میں خلاصہ میں شامل ہیں:(a) پیش کیے گئے اہلیت کے تقاضے اور معاونت کی مختصر تفصیل؛ (b) ویب سائٹ اور طبعی مقامات کی ایک فہرست جہاں سے مالیاتی اعانت کی درخواستیں حاصل کی جا سکتی ہیں؛ (c) FAP کی مفت کاغذی نقل حاصل کرنے سے متعلق ہدایات؛ (d) درخواست کے عمل میں اعانت کے لیے رابطے کی معلومات؛ (e) FAP اور متعلقہ دستاویزات کی مختلف زبانوں میں ترجمے کی دستیابی؛ اور (f) اس بات کی تصدیق کرنے والا بیان کہ جن مریضوں کو مالیاتی اعانت کا اہل قرار دیا جاتا ہے ان سے اس رقم سے زیادہ نہیں وصولا جا سکتا جس رقم کا بل ہنگامی نگہداشت یا طبی طور پر ضروری خدمات کے لیے عام طور پر دیا جاتا ہے۔

13. معقول کوششیں: MHSHFC اسپتال سے مریض کے ڈسچارج سے قبل مریض کو FAP کا آسان زبان میں خلاصہ فراہم کر کے MHSHFC کی FAP کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی معقول کوشش کرے گا۔ اس کے علاوہ، MHSHFC مریض کو MHSHFC کے FAP کے بارے میں جانکاری فراہم کرنے کے لیے درج ذیل اقدامات کرے گا:

    a. نامکمل درخواستیں: اگر مریض اور/ یا خاندان ایک نامکمل درخواست جمع کرواتے ہیں تو، MHSHFC اس بارے میں ایک تحریری اطلاع فراہم کرے گا جس میں یہ بتایا جائے گا کہ کون سی اضافی معلومات یا دستاویزات کی ضرورت ہے۔

b. مکمل کردہ درخواستیں: اگر مریض اور/ یا مریض کے اہل خاندان کا فرد مالیاتی اعانت کی ایک مکمل درخواست جمع کرتا ہے تو، MHSHFC بروقت ایک تحریری اطلاع فراہم کرے گا جس میں فیصلے کے بارے میں درج ہوگا کہ آیا مریض مالیاتی اعانت کے لیے اہل ہے اور مریض کو تحریری طور پر فیصلے (بشمول اگر قابل اطلاق ہو، اس اعانت کے بارے میں جس کے لیے مریض اہل ہے) اور اس فیصلے کی بنیاد کے بارے میں معلومات فراہم کرے گا۔ اس اطلاع میں مالیاتی اعانت کی فیصد رقم (منظور شدہ درخواستوں کے لیے) یا مسترد کرنے کی وجہ (وجوہات)، اور جہاں اطلاق ہو مریض اور/یا خاندان سے متوقع ادائیگی بھی شامل ہوگی۔ مریض اور/یا خاندان کو، مکمل کردہ درخواست کی قدرپیمائی کے دوران مسلسل اسٹیٹمنٹس موصول ہوتے رہیں گے۔

c. مریض کے بیانات: MHSHFC مریض کے اکاؤنٹ اور بقایہ رقم کی وضاحت والے سلسلے وار اسٹیٹمنٹس بھیجے گا۔ مریض کے اسٹیٹمنٹس میں یہ درخواست شامل ہوگی کہ مریض MHSHFC کو کسی دستیاب صحت کے بیمہ کے کوریج کے بارے میں بتائے گا، MHSHFC کے FAP کا ایک نوٹس، مالیاتی اعانت کی درخواست کے لیے ایک ٹیلیفون نمبر، اور ویب سائٹ کا پتہ جہاں سے FAP دستاویزات حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

d. *MHSHFC* کی ویب سائٹ: MHSHFC کی ویب سائٹیں نمایاں مقام پر یہ نوٹس پوسٹ کریں گی کہ مالیاتی اعانت دستیاب ہے، جس میں مالیاتی اعانت کی درخواست کے طریق کار کی وضاحت بھی ہوگی۔ MHSHFC اس FAP کو ایسے فراہم کنندگان کی فہرست کے ساتھ جو FAP کے تحت احاطہ یافتہ ہیں اور جو نہیں ہیں، آسان زبان میں خلاصہ، مالیاتی اعانت کی درخواست، اور بلنگ اور وصولی کی پالیسی کو MHSHFC کی ویب سائٹ پر پوسٹ کرے گا: http://memorialhermannfirstcolony.com/financial-assistance-program/. MHSHFC کے پاس درخواست کرنے پر ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ اور رجسٹریشن والے حصوں میں ان دستاویزات کی مفت کاغذی نقلیں دستیاب ہوں گی۔

14. کم بیمہ شدہ مریض: ایک مریض جو کلی یا جزوی طور پر بیمہ پالیسی کے تحت احاطہ یافتہ ہو جسے ہنگامی یا طبی لحاظ سے ضروری نگہداشت حاصل کرنے کے نتیجے میں اپنی جیب سے ہونے والے اخراجات کرنے پڑے ہوں جو موصولہ نگہداشت کے لیے بقایا رقم کی ادائیگی سے متعلق اس کی اہلیت سے زیادہ ہو۔

15. غیر بیمہ شدہ مریض: ایسا مریض جو کلی یا جزوی طور پر صحت بیمہ کی پالیسی کے تحت احاطہ یافتہ نہ ہو اور پبلک یا نجی صحت کے بیمہ، ہیلتھ بینیفٹ، یا صحت کا احاطہ کرنے والے دیگر پروگرام (بشمول، بلا تحدید، نجی بیمہ، میڈیکیئر، یا میڈیکیڈ، یا کرائم وکٹمس اسسٹنس) کے تحت مستفید نہ ہو اور جس کی چوٹ کارکنان کے معاوضے، آٹوموبائل بیمہ، یا دین داری یا دیگر فریق ثالث کے بیمہ کے مقاصد کے لیے قابل تلافی نہ ہو، جس کا تعین MHSHFC کے ذریعہ مریض کی جانب سے فراہم کردہ یا دیگر ذرائع سے حاصل شدہ دستاویزات اور معلومات کی بنیاد پر ہو، MHSHFC کے ذریعہ فراہم کردہ نگہداشت صحت کی خدمات کی ادائیگی کے لیے کیا گیا ہو۔

نظرثانی کا معیار:

1. مواصلت: ہمارے مریضوں، خاندانوں، اور وسیع تر معاشرے کو مالیاتی اعانت کے بارے میں آگاہ کرنے کے لیے، MHSHFC اپنے اسپتالوں میں آنے والے مریضوں اور ملاقاتیوں کو مالیاتی اعانت کی دستیابی

سے آگاہ کرنے، اور اس وسیع تر کمیونٹی کے ممبران میں اس FAP کی وسیع تر پیمانے پر تشہیر کرنے کے لیے متعدد اقدامات کرے گا جن کی ہر اسپتال میں خدمت کی جاتی ہے۔ ان اقدامات میں شامل ہیں:

a. مریض کی رضامندی: نگہداشت صحت کی خدمات کے رجسٹریشن پر دستخط کردہ نگہداشت صحت سے متعلق رضامندی میں ایک بیان شامل ہے کہ اگر رفاہی خدمات کی ضرورت ہوتی ہے تو، اہلیت کے تعین کی درخواست اسپتال میں داخلے کے وقت یا اشیاء وار بل یا اسٹیٹمنٹ کی وصولی پر کی جانی چاہیے۔

b. مالیاتی مشاورت: اس بات کے لیے MHSHFC کے مریضوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ایسی صورت میں اپنے اسپتال کے مالیاتی صلاح کار سے معلومات حاصل کریں اگر انہیں اسپتال کے بل کے اپنے حصے کی ادائیگی میں دشواری کی توقع ہو۔ ہمارے مالیاتی صلاح کار ایسے مریض کی مدد کی ہر ممکن کوشش کریں گے جو غیر بیمہ شدہ، کم بیمہ شدہ، یا جنہیں ہمارے فراہم کردہ نگہداشت صحت کی خدمات کے لیے ادائیگی سے وابستہ دیگر مالیاتی چیلنجز کا سامنا ہو۔ مالیاتی صلاح کاران متعدد سرکاری فنڈ یافتہ پروگراموں کے لیے مریضوں کی اہلیت کی ابتدائی جانچ کر سکتے ہیں، کارکنان کا معاوضہ یا دین داری کے دعووں میں مدد کر سکتے ہیں، زیادہ وقت والا ادائیگی کا منصوبہ ترتیب دے سکتے ہیں، یا مالیاتی اعانت کے لیے درخواست دینے میں مریض کی مدد کر سکتے ہیں۔

c. آسان زبان میں خلاصہ اور درخواست: MHSHFC کے FAP کے آسان زبان میں خلاصہ کی ایک کاغذی نقل اور مالیاتی اعانت کی درخواست کی ایک کاغذی نقل سروس کے عملی وقت پر جلد از جلد تمام مریضوں کو فراہم کی جائے گی۔ MHSHFC کے پاس درخواست کرنے پر ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ اور رجسٹریشن والے حصوں میں ان دستاویزات کی مفت کاغذی نقلیں دستیاب ہوں گی۔ مفت کاغذی نقلیں بذریعہ ڈاک یا 281-312-4012 یا 281-312-4000، آپشن 5 پر کال کرکے بھی دستیاب ہیں۔

d. ترجمہ شدہ نقلیں دستیاب ہیں: MHSHFC محدود انگریزی جاننے والے ایسے افراد کے لیے اپنے FAP، آسان زبان میں خلاصہ، مالیاتی اعانت کی درخواست، اور بلنگ اور وصولی کی پالیسی کا ترجمہ کرواتا ہے جو اس کمیونٹی کے پانچ فیصد (5%) سے کم یا 1,000 افراد کی نمائندگی کرتی ہو جہاں اس کے اسپتال کی فسیلیٹیز کے ذریعہ خدمت فراہم کی جاتی ہے۔ MHSHFC ان دستاویزات کی مفت نقلیں MHSHFC کی ویب سائٹ اور درخواست کرنے پر ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ اور اسپتال کے رجسٹریشن والے حصوں میں دستیاب کروائے گا۔ مفت کاغذی نقلیں بذریعہ ڈاک 281-312-4012 یا 281-312-4000، آپشن 5 پر کال کر کے بھی دستیاب ہیں۔

e. سائن بورڈ: مالیاتی اعانت سے متعلق سبھی سائن بورڈ واضح اور صاف طور پر ایسے مقامات پر آویزاں کیے جائیں گے جہاں وہ عوام کی نظر میں رہیں، جس میں، ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ اور مریض کے رجسٹریشن والے حصے بھی شامل ہیں، لیکن یہ انہیں تک محدود نہیں ہے۔ سائن بورڈز یہ بتائیں گے کہ مالیاتی اعانت دستیاب ہے اوراس میں مزید معلومات کے لیے مالیاتی صلاح کار سے رابطہ کا فون نمبر بھی موجود ہوگا۔

f. ویب سائٹ: MHSHFC کی ویب سائٹیں نمایاں مقام پر یہ نوٹس پوسٹ کریں گی کہ مالیاتی اعانت دستیاب ہے، جس میں مالیاتی اعانت کی درخواست کے طریق کار کی وضاحت بھی ہوگی۔ MHSHFC اپنے FAP کو ایسے فراہم کنندگان کی فہرست کے ساتھ جو FAP کے تحت احاطہ یافتہ ہیں اور جو نہیں ہیں، آسان زبان میں خلاصہ، مالیاتی اعانت کی درخواست، اور بلنگ اور وصولی کی پالیسی MHSHFC کی ویب سائٹ پر پوسٹ کرے گا: http://memorialhermannfirstcolony.com/financial-assistance-program/

g. مریض کے بل اور اسٹیٹمنٹس: مریض کے اسٹیٹمنٹس میں یہ درخواست شامل ہوگی کہ مریض MHSHFC کو کسی دستیاب صحت کے بیمہ کے کوریج کے بارے میں بتانے کا ذمہ دار ہے؛ اور اس میں شامل ہیں MHSHFC کے FAP کا ایک نوٹس، مالیاتی اعانت کی درخواست کے لیے ایک ٹیلیفون نمبر، اور ویب سائٹ کا پتہ جہاں سے مالیاتی اعانت سے متعلق دستاویزات حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

h. ڈاک اور فیکس: مریض حضرات ان دستاویزات کی مفت نقلوں کے لیے تحریری درخواست ذیل کے پتے پر بھیج یا فیکس کر سکتے ہیں اور اس میں اس فرد کا پورا نام اور واپسی ڈاک کا وہ پتہ درج ہو جس پر وہ MHSHFC سے نقلیں وصول کرنا چاہتے ہیں۔

Memorial Hermann Surgical Hospital First Colony
Attn: Financial Assistance
16906 Southwest Freeway
Sugar Land, Texas 77479
فیکس:281-566-54717

2. اہلیت کا تعین: مالیاتی اعانت کا تعین ایسے طریق کار سے کیا جاتا ہے جس میں مالیاتی ضرورت کی انفرادی تشخیص شامل ہوتی ہے۔ ان کارروائیوں کو ذیل میں بیان کیا گیا ہے:

a) مالیاتی اعانت کی درخواست کا عمل، جس میں مریض یا ضمانت دار سے تعاون کرنے اور ذاتی یا مالیاتی معلومات اور دستاویزات فراہم کرنے کی توقع کی جاتی ہے جو مالیاتی ضرورت کا تعین کرنے سے متعلق ہوں؛

b) MHSHFC اس بات کے تعین کے لیے کہ آیا کوئی فرد FAP کے لیے اہل ہے، جس میں اسپتال سے ڈسچارج سے قبل مریض کو MHSHFC کی FAP پالیسی کے بارے میں سادہ زبان میں خلاصہ فراہم کرنے کی معقول کوششیں کرنا شامل ہے۔ اس کے علاوہ، MHSHFC مریض کو MHSHFC کے FAP کے بارے میں آگاہ کرنے کے لیے درج ذیل اقدامات کرے گا:

i) نامکمل درخواستیں: اگر مریض اور/ یا خاندان ایک نامکمل درخواست جمع کرواتا ہے تو، MHSHFC ابتدائی درخواست کی موصولی کے پینتالیس (45) دنوں کے اندر اس بارے میں ایک تحریری اطلاع فراہم کرے گا کہ کن اضافی معلومات یا دستاویزات کی ضرورت ہے۔

ii) مریض کے بیانات: مریض کے اسٹیٹمنٹس میں یہ بیان شامل ہوگا کہ مریض MHSHFC کو کسی دستیاب صحت کے بیمہ کے کوریج کے بارے میں بتانے کا ذمہ دار ہے؛ اور اس میں شامل ہیں MHSHFC کے FAP کا ایک نوٹس، مالیاتی اعانت کی درخواست کے لیے ایک ٹیلیفون نمبر، اور ویب سائٹ کا پتہ جہاں سے FAP سے متعلق دستاویزات حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

iii) *MHSHFC* کی ویب سائٹ: MHSHFC کی ویب سائٹیں نمایاں مقام پر یہ نوٹس پوسٹ کریں گی کہ مالیاتی اعانت دستیاب ہے، جس میں مالیاتی اعانت کی درخواست کے طریق کار کی وضاحت بھی ہوگی۔ MHSHFC کی ویب سائٹ پر:http://memorialhermannfirstcolony.com/financial-assistance-program/، اپنے FAP کو ایسے فراہم کنندگان کی فہرست کے ساتھ جو FAP کے تحت احاطہ یافتہ ہیں اور جو نہیں ہیں، آسان زبان میں خلاصہ، مالیاتی اعانت کی درخواست، اور اپنی بلنگ اور وصولی کی پالیسی کو پوسٹ کرے گا۔

iv) درخواست کرنے پر دستیاب دستاویزات: MHSHFC کے پاس فراہم کنندگان کی فہرست کے ساتھ اپنےFAP کی مفت، کاغذی نقلیں ہوں گی جو FAP کے تحت احاطہ شدہ ہیں اور احاطہ شدہ نہیں ہیں، سادہ زبان میں خلاصہ، مالیاتی اعانت کی درخواست، اور اس کی بلنگ اور وصولی کی پالیسی ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ اور رجسٹریشن والے حصوں میں درخواست کرنے پر دستیاب ہے۔

c) عوامی طور پر دستیاب بیرونی ڈیٹا وسائل کا استعمال جو مریض یا ضمانت دار کی ادائیگی کی اہلیت بشمول TransUnion یا Experian کے ذریعہ کریڈٹ اسکورز سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے؛

d) MHSHFC پر فراہم کی گئی پہلے کے خدمات کے بقایا کھاتے اور مریض کی ادائیگی یا ڈوبے ہوئے قرض کی سرگزشت کا جائزہ؛

e) MHSHFC کے ذریعہ فراہم کردہ مالیاتی اعانت کی سطحیں آمدنی، خاندان کی جسامت، اور FPL پر مبنی ہیں۔ غیر بیمہ شدہ اور بیمہ شدہ مریض مالیاتی اعانت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں؛ اور

f) مالیاتی اعانت کے لیے مریض کی اہلیت درج ذیل معیار پر مبنی ہوگی اور مریض کی مالیاتی حیثیت، کم شدید مالیاتی حالات اور فریق ثالث کی نگہداشت صحت کے منافع کی دستیابی کی بنیاد پر مختلف ہو سکتا ہے۔ اہلیت کے رہنما اصول پر وفاقی حکومت کے ذریعہ FPL رہنما اصول کے شائع ہونے کے بعد ہر سال نظرثانی کی جائے گی۔ ذیل میں بیان کردہ رہنما اصول سے زیادہ آمدنی والے خاندانوں کی ادائیگی کے منصوبہ پر غور کرنے کے لیے ابتدائی جانچ کی جا سکتی ہے۔

3. مریض کی مالیاتی اعانت کی اہلیت: FPLs کی بنیاد پر، مالیاتی اعانت کے لیے اہل قرار پانے والے غیر بیمہ شدہ یا کم بیمہ شدہ مریضوں کے لیے رعایت کی پیشکش کا تعین کرنے کے لیے درج ذیل معیار استعمال کیا جائے گا۔ کم بیمہ شدہ مریضوں کو عطیہ کے لیے اہل قرار پانے سے قبل انکے بیمہ کا بل ہو جانا چاہئے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ مریضوں سے AGB سے زیادہ وصول نہ کیا جائے، مالیاتی اعانت کے لیے اہل مریضوں کو فراہم کردہ رعایت کا جائزہ AGB فیصد کی حدود کے حساب سے لیا جائے گا۔

a. مفت نگہداشت:

i. اگر غیر بیمہ شدہ مریض کی سالانہ کل خاندانی آمدنی موجودہ افلاس کے وفاقی رہنما خطوط کے دو سو فیصد (200%) کے برابر یا کم ہے، جیسا کہ کل آمدنی مالیاتی اعانت کی اہلیت کے جدول میں مذکور کیا گیا ہے (شہادتی اشیاء A - عام طور پر بل کردہ رقم کا حساب)، تو مریض (یا دیگر ذمہ دار پارٹی) مفت نگہداشت کا حقدار ہوگا (100% رعایت) اور اس پر اکاؤنٹ کے بیلنس کا کوئی بھی حصہ بقایا نہیں ہوگا۔

ii. ایسے مریض جن کے پاس میڈیکیئر کے ذریعہ بنیادی صحت کا بیمہ ہے اور میڈیکیڈ کے ذریعہ ثانوی احاطہ کے اہل ہیں انہیں میڈیکیڈ کی بلنگ کے بعد بقایا بیلنس اور THMP یا منظم میڈیکیڈ ادا کنندہ کی جانب سے موصول ہو رہے فیصلہ شدہ دعوی پر ایک سو فیصد (100%) رعایت موصول ہوگی۔

b. رعایتی نگہداشت:

i. ایسے مریض/افراد جن کی سالانہ کل خاندانی آمدنی دو سو فیصد (200%) سے زیادہ ہے لیکن موجودہ افلاس کے وفاقی رہنما خطوط سے چار سو فیصد (400%) سے زیادہ نہیں ہے وہ بیمہ شدہ مریضوں کو عام طور پر بل کردہ رقم (AGB) پر چارجز کی رعایت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

ii. ایسے مریض جن کے پاس اپنے اسپتال کے بلوں پر بقایا اکاؤنٹ بیلنس باقی ہے وہ اگر درج ذیل تمام معیار کی تکمیل کرتے ہیں تو رعایت کے لیے اہل ہوسکتے ہیں:1) بیلنس فرد کی سالانہ کل خاندانی آمدنی کے دس فیصد (10%) سے زیادہ ہے؛ 2) وہ بقایا بل کے بیلنس کی پوری یا حصے کی ادائیگی کرنے سے قاصر ہیں؛ اور 3) بل کا بیلنس کم از کم $5,000 ہے۔ ان حالات کے تحت، مریض یا ضمانت دار سے FAP کے عمل میں تعاون کرنے اور ذاتی یا مالیاتی معلومات اور دستاویزات فراہم کرنے کی توقع کی

جاتی ہے جو اہلیت کا تعین کرنے سے متعلق ہوں؛ اگر منظوری مل جاتی ہے، تو مریض کی مالی صورتحال کے لحاظ سے جو بھی کم اور سب سے زیادہ فائدہ مند ہوگا، مریض اپنے بقایا اکاؤنٹ بیلنس کے لیے اپنے سالانہ کل خاندانی آمدنی کے دس فیصد (10%) سے کم کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار ہوگا یا AGB رعایت دی جائے گی۔

4.اہلیت کا پیمانۂ وقت:

a. غیر بیمہ شدہ مریضوں کے لیے، مالیاتی اعانت اور احتمالی اہلیت کا تعین سبھی کھلے خود ادائیگی کے بیلنسز اور نگہداشت کے موجودہ واقعہ کے لیے بالترتیب مؤثر ہوگا۔ مریضوں کی اہلیت کا تعین ضابطہ سیکشن 3 میں مذکور عوامل کی بنیاد پر کیا جائے گا اور یہ فوری یا وقت پر ادائیگیوں کے لیے نقصان کا باعث نہیں ہوگا۔ اس کے علاوہ، مالیاتی اعانت کی درخواست مکمل کرنے والے مریض کو مریض کے ذریعہ کسی کارروائی کی ضرورت کے بغیر بہ نظر مستقبل چھ ماہ کے لیے اضافی مالیاتی اعانت فراہم کی جائے گی۔ مریض چھ (6) ماہ کے وقفے کے دوران ہونے والی مریض کی مالی صورتحال میں کسی بھی ٹھوس تبدیلی کے بارے میں MHSHFC سے مواصلت کریں گے جو کہ تبدیلی ہونے کے تیس (30) دنوں کے اندر مالیاتی اعانت کی اہلیت کے تعین کو متاثر کر سکتی ہو۔ مریض کی طرف سے خاندانی آمدنی میں اہم ترقی افشاء نہ کرنے کی صورت میں اگر اس اہم ترقی کا انکشاف ہوتا ہے تو ایسی صورت میں MHSHFC کے مالیاتی اعانت کے کسی بھی التزام کو کالعدم کر سکتا ہے۔

5. ہنگامی یا طبی طور پر ضروری خدمات: مالیاتی اعانت اسپتال کے ادارے میں فراہم کی گئی ہنگامی یا طبی طور پر ضروری خدمات تک محدود ہے۔ اس سیکشن کا مطلب وفاقی یا ریاستی قانون کے تحت MHSHFC کے مریض کی ادائیگی کی اہلیت سے قطع نظر ہنگامی طبی کیفیت کے علاج کے احترام کی ذمہ داریوں یا طریقوں کو تبدیل کرنا نہیں ہے۔

6. درخواست کی کارروائی

a. درخواست کیسے دیں: مالیاتی اعانت کی درخواست کو معاون دستاویزات کے ساتھ مکمل کیا جانا اور جمع کیا جانا چاہئے۔ درخواست کی مفت نقلیں ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے MHSHFC کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:http://memorialhermannfirstcolony.com/financial-assistance-program/ ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ اور اسپتال کے رجسٹریشن والے حصوں میں مفت کاغذی نقلیں بھی دستیاب ہیں۔ مفت کاغذی نقلیں بذریعہ ڈاک یا 281-312-4012 یا 281-312-4000، آپشن 5 پر کال کر کے بھی دستیاب ہیں۔

b. درخواست دہندہ مکمل شدہ درخواست اور معاون دستاویزات اسپتال کے مالیاتی صلاح کار کو بھیج سکتے ہیں یا انہیں درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک بھیج سکتے ہیں۔ مریض اسپتال کے مالیاتی صلاح کار سے معلوماتی ڈیسک پر جاکر اور مالیاتی صلاح کار سے بات کرنے کی درخواست کر کے مل سکتے ہیں۔ درخواست کی کارروائی، درخواست کو بھرنے میں مدد، یا جمع کردہ درخواست کی صورتحال کے بارے میں سوالات کے لیے، اسپتال کے مالیاتی صلاح کاران ذاتی طور پر اسپتال میں مدد کے لیے دستیاب ہوتے ہیں یا آپ انہیں 281-312-4012 یا 281-312-4000 آپشن 5 پر کال کرسکتے ہیں۔

c. مکمل کردہ درخواستیں کہاں بھیجنی ہیں:

Memorial Hermann Surgical Hospital First Colony
Attn: Financial Assistance
16906 Southwest Freeway

Sugar Land, Texas 77479

-یا-

فیکس:281-566-5417

d. مالیاتی اعانت یا احتمالی اہلیت پر غور کرنے کی درخواستیں درج ذیل کسی بھی فرد کے ذریعہ درخواست کے وقفے کے دوران شروع کی جا سکتی ہیں: (i) مریض یا ضمانت دار؛ (ii) مریض یا ضمانت دار کا نمائندہ؛ (iii) مریض/ درخواست کی جانب سے MHSHFC کا نمائندہ؛ یا (iv) مریض کا علاج کرنے والا معالج۔

e. اس FAP میں کہیں بھی مذکور ملحوظات کے علاوہ، یہ مریض کی ذمہ داری ہے کہ وہ مالیاتی اعانت کی درخواست کی کارروائی میں تعاون اور پوری طرح شرکت کرے۔ اس میں کسی فریق ثالث سے دستیاب صحت کے کوریج کے بارے میں معلومات فراہم کرنا شامل ہے؛ بروقت اور صداقت کے ساتھ ایسے تمام دستاویزات اور تصدیقات فراہم کرنا شامل ہے جس کی ضرورت سرکاری یا دیگر پروگراموں (جیسے میڈیکیئر، میڈیکیڈ، فریق ثالث کی دین داری، کرائم وکٹم فنڈنگ، وغیرہ) کے ذریعہ فنڈنگ کے لیے درخواست دینے یا دیگر مالیاتی اعانت کے لیے مریض کی اہلیت کے تعین کے لیے ہے۔ ایسا کرنے میں ناکام ہونے کی صورت میں مریض کے مالیاتی اعانت کی درخواست کے ملحوظات پر منفی اثر پڑ سکتا ہے۔ مریضوں کو MHSHFC کی درخواست سے تیس (30) دنوں کے اندر معلومات، سرٹیفیکٹ اور دستاویزات فراہم کرنے کے لیے کہا جاتا ہے تاوقتیکہ MHSHFC کے علم میں مجبورکن حالت نہ لایا جائے۔ مالیاتی اعانت کے لیے درخواست کو مریض (یا ضمانت دار/ نمائندہ) کے ذریعہ مکمل اور دستخط کیا جانا چاہئے۔

f. مالیاتی صلاح کار درخواست دہندہ کو مالیاتی اعانت کے لیے درخواست دینے کی کارروائی میں مدد کر سکتے ہیں۔ اگر مریض کی موت ہو جاتی ہے اور ذمہ دار فریق کی شناخت نہیں ہوتی ہے، تو MHSHFC کا نمائندہ دستیاب معلومات اور دستاویزات کا استعمال کرتے ہوئے درخواست تخلیق اور مکمل کر سکتا ہے۔

8. خاندان کی آمدنی:

اگر یہ دستاویزات موجود ہوں، تو خاندانی آمدنی تشکیل دینے کے لیے مریض درج ذیل میں سے ایک یا مزید دستاویزات فراہم کر سکتے ہیں۔ اگر مریض کے خاندان میں ایک سے زائد با روزگار فرد ہیں، تو ہر فرد کو درج ذیل دستاویزات میں سے ایک یا زیادہ جمع کرنی چاہئے:

i. سب سے حالیہ فائل کردہ وفاقی انکم ٹیکس ریٹرن؛
ii. سب سے حالیہ W-2 اور 1099 فارمز؛
iii. سب سے حالیہ ادائیگی کی رسید (یا، اطلاق ہونے پر، بے روزگاری کے بیان کی نقل، سوشل سیکیورٹی کا خط، وغیرہ)؛
iv. نقد ادائیگی کی صورت میں آجر کی جانب سے ایک بیان؛ یا
v. خاندان کی آمدنی کے سلسلے میں فریق ثالث سے کوئی دیگر تصدیق۔

b. مالیاتی اعانت کے لیے درخواست کو دستاویزات فراہم کرنے میں ناکامی کی بنیاد پر نامکمل تصور نہیں کیا جائے گا، اگر مریض نے کم از کم ایسی ایک دستاویز بھی فراہم کی ہو جو مذکورہ بالا خاندان کے ہر ایک فرد کی آمدنی کی عکاسی کرتا ہو (بشمول مریض) اور تصدیق پر دستخط کیا ہو، یا اگر مریض دستاویزات فراہم کرنے میں ناکام رہا لیکن اس نے تصدیق پر دستخط کیا ہو۔

c. درخواست دہندہ کے لیے درخواست کی تصدیق پر دستخط کرنا لازمی ہے۔ MHSHFC تعین کو منسوخ یا اس میں ترمیم کر سکتا ہے اگر بعد کے ثبوت سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ درخواست دہندہ نے اہم معلومات غلط فراہم کی ہے۔

اضافی دستاویزات: MHSHFC کے FAP کو املاک یا اخراجات کے دستاویزات کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم درخواست دہندہ مالیاتی اعانت کی درخواست کے مساوی یا اس FAP کے مطابق اس رقم سے زیادہ جس کے لیے وہ بصورت دیگر اہل ہیں، کی درخواست میں تعاون کے لیے املاک، اخراجات، آمدنی، واجب الادا بقایا رقم یا مالی تنگی کو دکھانے والے دیگر حالات کے اضافی دستاویزات فراہم کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

9. غلط اور گمراہ کن معلومات: اگر یہ پایا جاتا ہے کہ کسی درخواست دہندہ نے جان بوجھ کر اپنی طبی اخراجات کی ادائیگی کی اہلیت کے بارے میں غلط یا گمراہ کن معلومات فراہم کی ہے تو، MHSHFC درخواست دہندہ کی موجودہ یا آئندہ درخواستوں کو مسترد کر سکتا ہے۔ اگر غلط معلومات بدنیتی کے بغیر فراہم کی گئی ہے تو، MHSHFC درست کردہ معلومات کی بنیاد پر اپنا فیصلہ کرے گا۔ اگر مریض کے ذریعہ جان بوجھ کر فراہم کردہ غلط معلومات کی بنیاد پر مالیاتی اعانت فراہم کی جا چکی ہے تو، MHSHFC مالیاتی اعانت کی سابقہ منظوری کو منسوخ کر سکتا ہے، ایسی صورت میں MHSHFC کے پاس مریض سے کسی بھی ایسی رقوم کی ادائیگی کا قانونی حق ہوگا جو باقی ہو۔ اگر فراہم کردہ غلط معلومات غیر ارادی تھی تو، MHSHFC درست کردہ معلومات کی بنیاد پر فیصلے پر نظر ثانی کرے گا۔

<u>باہمی حوالے:</u>

پیشنٹ ٹرانسفر پالیسی (EMTALA اور ٹیکسس ٹرانسفر ایکٹ کمپلائنس)
مالیاتی اعانت کا آسان زبان میں خلاصہ
مالیاتی اعانت کی درخواست
بلنگ اور وصولی کی پالیسی

<u>شہادتی اشیاء</u>

شہادتی اشیاء A - عام طور پر بل کردہ رقم کا حساب

شہادتی اشیاء B - غربت کے وفاقی رہنما خطوط

اگلے صفحہ پر جاری۔

شہادتی اشیاء **A** - عام طور پر بل کردہ رقم کا حساب

عام طور پر بل کردہ رقم اس بلنگ اور کوڈنگ پراسیس پر مبنی ہوتے ہیں جس کا استعمال MHSHFC ایمرجنسی اور طبی طور پر ضروری خدمات کے لیے میڈیکیئر کی خدمت کے لیے فیس کے واسطے کرتا ہے۔ AGB فیصد کا حساب لگانے کے لیے میڈیکئیر سے کل اجازت یافتہ ادائیگی کو ایسے دعووں کے لیے بل کردہ کل چارجز سے تقسیم کیا جائے گا اور اس حاصل رقم کو 1 سے گھٹایا جائے گا۔

**IP** (داخلی مریض) کے لیے **AGB** % = میڈیکیئر **IP** کے لیے اجازت یافتہ ادائیگی / میڈیکیئر **IP** کے کل چارجز
**OP** (باہری مریض) کے لیے **AGB** % = میڈیکیئر **OP** کے لیے اجازت یافتہ ادائیگی / میڈیکیئر **OP** کے کل چارجز

| باہری مریض | داخلی مریض | فسیلیٹی |
|---|---|---|
| 13% | 30% | Memorial Hermann Surgical Hospital– First Colony |

مالیاتی سال 2019 (جولائی 2018 – جون 2019) AGB کی رقوم حسب ذیل ہیں:

**OP** کی عام طور پر بل کردہ رقم:13%
IP کی عام طور پر بل کردہ رقم:30%

اگلے صفحہ پر جاری۔

<u>شہادتی اشیاء **B**– غربت کے وفاقی رہنما خطوط</u>

جب افلاس کے وفاقی رہنما خطوط میں تبدیلیاں کی جاتی ہیں تو مجموعی ماہانہ آمدنی سے متعلق مالیاتی اعانت کی اہلیت کے جدول پر نظرثانی کی جاتی ہے۔ جدول کی ہر سال تازہ کاری کی جاتی ہے۔

مجموعی ماہانہ آمدنی سے متعلق مالیاتی اعانت کی اہلیت کے جدول سے مراد آمدنی کا موجودہ جدول ہے جس کا استعمال MHSHFC اس FAP کے تحت مالیاتی اعانت کی اہلیت کے تعین کے لیے کرتا ہے۔

مجموعی ماہانہ آمدنی سے متعلق مالیاتی اعانت کی اہلیت کا جدول افلاس کے وفاقی رہنما خطوط اور ہیرس کاؤنٹی ہاسپٹل ڈسٹرکٹ کی اہلیت کے جدول کی بنیاد پر کی جاتی ہے، جس میں متعلقہ سرکاری ایجنسیوں کے ذریعہ وقت وقت پر کی گئی ترامیم کو ملحوظ رکھا جاتا ہے اور مذکورہ جدول جائزے کے لیے دستیاب ہے:

براہ کرم ذیل کا جدول دیکھیں:

| **Memorial Hermann Surgical Hospital First Colony**<br>مجموعی آمدنی سے متعلق مالیاتی اعانت کی اہلیت کا جدول | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2019 افلاس کے وفاقی رہنما خطوط (FPG)<br>خاندان کی جسامت کی بنیاد پر مالیاتی اعانت کا اہل ہونے کے لیے مجموعی سالانہ یا ماہانہ آمدنی۔ | | | | | | |
| | FPG کا 100% | | FPG کا 200% | | FPG کا 400% | |
| خاندان کی جسامت | سالانہ آمدنی | ماہانہ آمدنی | سالانہ آمدنی | ماہانہ آمدنی | سالانہ آمدنی | ماہانہ آمدنی |
| 1 | $12,490 | $1,041 | $24,980 | $2,082 | $49,960 | $4,163 |
| 2 | $16,910 | $1,409 | $33,820 | $2,818 | $67,640 | $5,637 |
| 3 | $21,330 | $1,778 | $42,660 | $3,555 | $85,320 | $7,110 |
| 4 | $25,750 | $2,146 | $51,500 | $4,292 | $103,000 | $8,583 |
| 5 | $30,170 | $2,514 | $60,340 | $5,028 | $120,680 | $10,057 |
| 6 | $34,590 | $2,883 | $69,180 | $5,765 | $138,360 | $11,530 |
| 7 | $39,010 | $3,251 | $78,020 | $6,502 | $156,040 | $13,003 |
| 8 | $43,430 | $3,619 | $86,860 | $7,238 | $173,720 | $14,477 |
| افلاس کے وفاقی رہنما خطوط کے تعین کے لیے 8 افراد سے زیادہ والی خاندانی اکائیوں کے لیے، ہر اضافی فرد کے لیے $4,420 جوڑیں۔ | | | | | | |